FOR OFFICIAL USE

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | |

N5 National Qualifications 2025

Mark

# X870/75/01

# Urdu Reading

MONDAY, 28 APRIL

9:00 AM – 10:30 AM

**Fill in these boxes and read what is printed below.**

Full name of centre

Town

Forename(s)

Surname

Number of seat

Date of birth

Day Month Year

Scottish candidate number

**Total marks — 30**

Attempt ALL questions.

Write your answers clearly, in **English**, in the spaces provided in this booklet.

**You may use an Urdu dictionary.**

Additional space for answers is provided at the end of this booklet. If you use this space you must clearly identify the question number you are attempting.

Use **blue** or **black** ink.

There is a separate question and answer booklet for Writing. You must complete your answer for Writing in the question and answer booklet for Writing.

Before leaving the examination room you must give both booklets to the Invigilator; if you do not, you may lose all the marks for this paper.

SQA ©

**Total marks — 30**

**Attempt ALL questions**

**Text 1**

Ahmed writes about his employment.



آج کے دور میں نوجوان، چاہے وہ اعلیٰ تعلیم یافتہ ہوں یا کم تعلیم یافتہ سب ملازمت حاصل کرنے کے لئے پریشان ہیں۔ میں اپنے آپ کو خوش قسمت سمجھتا ہوں کہ میرے پاس میری پسند کی ملازمت ہے اور میں اچھی خاصی رقم بھی کما رہا ہوں۔ میں نے سولہ سال کی عمر میں سکول چھوڑ دیا اور ایک موبائل فون کی کمپنی کے ساتھ فون کی مرمت کرنے کی تربیت حاصل کرنے گیا۔ میں تین دن صبح کے وقت کالج میں پڑھائی کرتا اور باقی وقت کمپنی کے ساتھ کام سیکھتا رہا۔ میں بہت خوش تھا کیونکہ کام کا تجربہ حاصل کرنے کے ساتھ ساتھ مجھے تھوڑی سی تنخواہ بھی ملنا شروع ہو گئی۔ تربیت مکمل ہونے پر اور امتحان پاس کرنے کے بعد مجھے سرٹیفیکیٹ مل گیا۔ اُسی کمپنی میں ایک ملازم کی جگہ خالی ہوئی تو میں نے نوکری کی درخواست دے دی۔

میں اپنے دوست کا بے حد شُکر گزار ہوں اُس نے انٹرویو کی تیاری میں میری بہت مدد کی، اور سوال پوچھ کر جواب دینے کی مشق بھی کرواتا رہا۔ انٹرویو والے دن جب میں نے

DO NOT WRITE IN THIS MARGIN

*X870750102*

MARKS | DO NOT WRITE IN THIS MARGIN

**Text 1 (continued)**

دیکھا کہ بہت سے لوگ اسی ملازمت کے لئے انٹرویو دینے آئے ہیں تو میں بہت پریشان
اور ناامید ہو گیا کہ شاید مجھے یہ ملازمت نہ ملے۔ خوش قسمتی سے میں انٹرویو میں کامیاب
ہو گیا اور مجھے نوکری مل گئی۔ میرے دوست خوش ہیں کیونکہ میں اُن کے موبائل فون
کی مرمّت کر دیتا ہوں اور اُن سے کم پیسے لیتا ہوں۔

**Questions**

(a) Why does Ahmed consider himself fortunate? State **two** things. **2**

(b) Ahmed left school at the age of sixteen. What did he do after that? State **two** things. **2**

(c) Where was the job available? Tick (✓) the correct statements. **1**

| | Tick (✓) |
|---|---|
| Near his house | |
| At the college | |
| At the mobile company | |

(d) Why is he grateful to his friend? State **two** things. **2**

**[Turn over**

*X870750103*

**Text 1 questions (continued)**

(e) Ahmed went for an interview.

(i) How did he feel on the day? **1**

(ii) What was the reason for this? **1**

(f) Why are Ahmed's friends happy? **1**

DO NOT WRITE IN THIS MARGIN

**Text 2**

Haniya writes about her life, living in Houston USA.



ہمارا خاندان امریکہ کے شہر ہیوسٹن میں رہتا ہے ۔ ہیوسٹن امریکہ کا چوتھا بڑا شہر ہے۔

مجھے ہیوسٹن سے محبت ہے کیونکہ یہاں سب لوگ مل جل کر رہتے ہیں، ایک دوسرے کے رسم و رواج کو جانتے ہیں اور مختلف تہواروں میں خوشی سے حصّہ لیتے ہیں۔

کبھی کبھی تو مجھے ایسا محسوس ہوتا ہے کہ ہم ہیوسٹن میں نہیں بلکہ پاکستان میں رہ رہے ہیں کیونکہ یہاں بہت سی دکانیں ہیں جہاں سے تقریباً ہر طرح کا پاکستانی سامان مل جاتا ہے۔ عید کے موقع پر ہم نئے فیشن کے پاکستانی کپڑے اِن ہی دُکانوں سے خریدتے ہیں۔

ہیوسٹن ایک شاندار شہر ہے۔ یہ اپنی طبّی تحقیقات اور خلائی سینٹر کی وجہ سے بہت مشہور ہے۔

یہ دیکھ کر مجھے بہت خوشی ہوتی ہے کہ یہاں پاکستانی کھانوں کے ریسٹورینٹس ہیں جہاں کئی ملکوں کے لوگ اپنی پسند کا کھانا کھانے آتے ہیں۔ یہاں رہ کر مجھے احساس ہوتا ہے کہ کئی ثقافتوں کے ساتھ مل کر رہنا ایک خوبصورت تجربہ ہے۔

*X870750105*

**Questions**

(a) What does Haniya say about her hometown, Houston, in the USA? State **two** things. 2

(b) Why does she love Houston? State any **two** things. 2

(c) Why does Haniya feel like she is not in Houston at times? State **two** things. 2

(d) What is Houston famous for? Tick (✓) the **two** correct options. 2

| | Tick (✓) |
|---|---|
| Medical research centre | |
| Football coaching centre | |
| Space centre | |
| Art centre | |

(e) Why is Haniya proud to live in Houston? State **two** things. 2

## Text 3

Aira is sharing her learning experience.



دو سال پہلے مجھے پاکستان کے ایک شہر راولپنڈی میں آٹھ مہینے ایک سکول میں تعلیم حاصل کرنے کا موقع ملا۔ پاکستان میں اتنا عرصہ رہنے کی وجہ یہ بنی کہ ہمیں اطلاع ملی تھی کہ میرے داداجان کی طبیعت خراب ہے۔ یہ خبر سنتے ہی ہم پاکستان چلے گئے۔ میرے داداجان تو ٹھیک ہو گئے لیکن کروناوائرس کی خطرناک بیماری کی وجہ سے ہماری واپسی کی پروازیں بند ہو گئیں۔ کچھ عرصے بعد جب پروازیں دوبارہ شروع ہوئی تو واپس جانے والی پرواز کے ٹکٹ بہت مہنگے تھے۔ میرے والدین نے ہم سب بہن بھائیوں کو ایک سکول میں داخل کروادیا۔

سکول کا دن برطانیہ کے سکول سے بہت مختلف تھا۔ صبح کے وقت ہم سب اسمبلی کیلئے اکٹھے ہوتے اور قومی ترانہ گاتے۔ اس کے بعد اہم اعلانات ہوتے۔ پھر تمام بچّے اپنی جماعت میں چلے جاتے۔ پہلے میں کافی گھبرائی کیونکہ سکول کا تعلیمی نظام مختلف تھا اور میں کسی کو جانتی بھی نہیں تھی۔ لیکن چند دن میں ہی میری کافی سہیلیاں بن گئیں اور اُستادوں نے بھی میری بہت حوصلہ افزائی کی۔ تمام مضامین تو انگریزی میں ہی تھے لیکن

DO NOT WRITE IN THIS MARGIN

**Text 3 (continued)**

اردو بولنا، پڑھنا اور لکھنا میرے لئے کافی مشکل تھا۔ میرے والد نے مجھے اُردو سکھانے
کے لئے گھر میں ایک اُستاد کا انتظام کر دیا جس کی وجہ سے میری اردو بولنے اور پڑھنے کی
صلاحیت بہتر ہو گئی۔ اب میں روانی سے اُردو بول سکتی ہوں۔

**Questions**

(a) How long did Aira study in Pakistan? **1**

___

(b) What was the reason for her family's visit to Pakistan? **1**

(c) Why did they have to stay longer in Pakistan? State **two** things. **2**

(d) What happened at the start of the school day? Give any **two** details. **2**

(e) What does Aira say about her experience of settling in at the school in Pakistan? State any **two** things. **2**

**Text 3 questions (continued)**

(f) Aira found the Urdu language difficult.

(i) How did Aira's father support her? **1**

(ii) What was the result of this support? **1**

**[END OF QUESTION PAPER]**

MARKS DO NOT WRITE IN THIS MARGIN

## ADDITIONAL SPACE FOR ANSWERS

*X870750110*

MARKS DO NOT WRITE IN THIS MARGIN

## ADDITIONAL SPACE FOR ANSWERS

**[BLANK PAGE]**

**DO NOT WRITE ON THIS PAGE**

*Acknowledgement of copyright*
Image for text 1 — Zero Degree 247/shutterstock.com
Image for text 2 — Lucky-photographer/shutterstock.com
Image for text 3 — Zero Degree 247/shutterstock.com